کل نمبر:25 **اُردو (ششم) ٹیسٹ نمبر1** **وقت:30 منٹ**

تیسرا مہینا، تیسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ عربی تصور کے مطابق جمع کی اقسام ہیں:

(الف)	چار	(ب)	تین	(ج)	دو	(د)	پانچ

2۔ بیت کی درست جمع ہے:

(الف)	اَبیاتیں	(ب)	بُیوت	(ج)	بیات	(د)	بیتیں

3۔ لیاقت علی خاں پاکستان کے وزیرِ اعظم تھے:

(الف)	چوتھے	(ب)	تیسرے	(ج)	پہلے	(د)	دوسرے

4۔ انسان کرۂ ارض پر آباد ہے:

(الف)	عشروں سے	(ب)	دہائیوں سے	(ج)	قرنوں سے	(د)	صدیوں سے

5۔ درست تلفظ ہے:

(الف)	عَ۔وَا۔مِل	(ب)	عوا۔مَل	(ج)	عوا۔مِل	(د)	تمام درست

6۔ درست تلفظ ہے:

(الف)	اِن۔ت۔ظام	(ب)	اِن۔تِ۔ظَا۔م	(ج)	انِت۔ظام	(د)	تمام درست

7۔ انسان کا گہرا رشتہ ہے:

(الف)	زمین سے	(ب)	ماحول سے	(ج)	زمین اور ماحول سے	(د)	خلا سے

8۔ بیکٹیریا یا وائرس سے بیماری پھیلتی ہے:

(الف)	ہیضہ	(ب)	ٹائیفائڈ	(ج)	پولیو	(د)	مذکورہ تمام

9۔ آلودہ ماحول سے انسان مبتلا ہو جاتا ہے:

(الف)	دکھ اور مصیبت میں	(ب)	بیماری میں	(ج)	وبا میں	(د)	قُدرتی آفت میں

10۔ جلد، آنکھیں اور پھیپھڑوں کی بیماریاں ہوتی ہیں:

(الف)	کرونا سے	(ب)	اسموگ سے	(ج)	ایٹماسفیئر سے	(د)	اوزون سے

☆ **درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 5 اور 6 کے جواب دیں۔**

آلودگی کی کئی قسمیں ہیں جن میں سے تین بڑی قسمیں: آبی آلودگی، صوتی آلوگی اور فضائی آلودگی ہیں۔ وہ آلودگی جو پانی کو متاثر کرے، آبی آلودگی کہلاتی ہے۔ فیکٹریوں اور کارخانوں کا کیمیکل ملا پانی، ندی نالوں میں بہا دیا جاتا ہے۔ شہر کے آلودہ پانی کو دریاؤں میں پھینک دیا جاتا ہے اس کے نتیجے میں آبی آلودگی جنم لیتی ہے۔ کیوں کہ یہی پانی جب بالواسطہ یا بلا واسطہ انسانوں، جانوروں اور پرندوں کے استعمال میں آتا ہے تو اس سے وہ مختلف اقسام کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ یہ پانی فصلوں کو دیا جاتا ہے تو فصلیں آلودہ ہو جاتی ہیں، نتیجے کے طور پر سب اس کا شکار بن جاتے ہیں۔

11۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	چڑیا کی نصیحت	(ب)	ہمارا ماحول اور آلودگی	(ج)	ذرا فون کرلوں؟	(د)	یومِ دفاعِ پاکستان

12۔ شہر کا آلودہ پانی پھینک دیا جاتا ہے:

(الف)	ندی نالوں میں	(ب)	نہروں میں	(ج)	تالاب میں	(د)	دریاؤں میں

13۔ آلودگی کی بڑی اقسام ہیں:

(الف)	تین	(ب)	چار	(ج)	پانچ	(د)	چھے

حصہ دوم اور حصہ سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے (6) نمبر ہوں گے۔ **(12)**

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: ''علم کے فائدے'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: اسم اشارہ کی تعریف کریں۔ اقسام اور مثالیں دیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: وظیفہ کے حصول کے لیے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام درخواست تحریر کریں۔

سوال نمبر2: درخت کیوں ضروری ہیں اور کیڑے مکوڑے ہمیں کیا نقصان پہنچاتے ہیں؟